# 19-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی نے ٹاملناڈو کے کوئمبتور میں آج پی ایم کسان اسکیم کی 21 ویں قسط کو جاری کیا۔ ملک بھر میں 9 کروڑ کسانوں کی امداد کیلئے 18 ہزار کروڑ روپے جاری کئے گئے۔

۲۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ ریاست میں خواتین سنگھموں کی جانب سے پیداوار کی جانے والی مختلف اشیاء کو آن لائن مارکیٹنگ کے ذریعہ بین الاقوامی مارکٹ تک لے جانے کیلئے امیزان سے بات چیت جاری ہے۔

۳۔ مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے دلت، گریجن، آدی واسی طبقہ کے معصوم عوام کو اکسا کر نکسلائٹ میں تبدیل کرنے کا اربن نکسلائٹ پر الزام لگایا اور انہوں نے اربن نکسلائٹ کو ہی اِس موت کی ذمہ داری قبول کرنے پر زور دیا۔

۴۔ ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کہا کہ ریاست میں اناج کی خریداری تیزی کے ساتھ اور آسانی سے جاری ہے۔ کولا پور اسمبلی حلقہ کے مختلف دیہاتوں میں قائم کئے گئے اناج کی خریداری کے مراکز کا انہوں نے افتتاح کیا۔

SAREE

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست میں ایک کروڑ اندراماں ساڑیوں کی تقسیم کا آغاز کیا۔ وزیراعلیٰ نے استفادہ کنندگان میں ساڑیاں بھی تقسیم کئے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے سابق وزیراعظم اندرا گاندھی کی یوم پیدائش کے موقع پر نکلس روڈ کے قریب اندرا گاندھی کے مجسمہ پر پھول پیش کرتے ہوئے خراجِ عقیدت پیش کیا اور اس موقع پر ایک کروڑ ساڑیوں کی تقسیم کے پہلے مرحلہ کا آغاز کیا۔ آج سے آنے والے 9 دسمبر تک تلنگانہ تلی کے یوم تاسیس تک ریاست بھر میں دیہی سطح پر ساڑیاں تقسیم کئے جائیں گے

جبکہ دوسرے مرحلہ ممیں یکم مارچ سے آٹھ مارچ تک شہری علاقوں میں ساڑیاں تقسیم کی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ تلنگانہ حکومت اندرا گاندھی کے خوابوں کو پورا کرنے کیلئے آگے بڑھ رہی ہے۔خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے کئی ایک اقدامات کئے جارہے ہیں۔

Sound Byte.

اس پروگرام میں نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا، ریاستی وزرائ، ارکانِ اسمبلی، حکومت کے مشیران، کارپوریشنوں کے چیرمین اورعہدیداروں نے شرکت کی۔

Narendra Modi

آندھراپردیش کے پٹاپرتھی میں آج بھگوان سری ستیہ سائی بابا کی صدسالہ تقریب منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں وزیراعظم نریندرمودی نے شرکت کی۔ وزیراعظم نے وزیراعلیٰ چندرابابو نائیڈو کے ساتھ بھگوان سری ستیہ سائی بابا کی زندگی ان کی تعلیمات اور مستقل وراثت کے اعزاز میں ایک خصوصی یادگار کے طور پر سو روپے کا سکہ اور ایک خصوصی ڈاک ٹکٹ کو جاری کیا۔اس موقع پر وزیراعظم نریندرمودی نے ایک جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھگوان سری ستیہ سائی بابا کے بتائے ہوئے تعلیمات عالمی سطح پر کروڑوں عقیدتمندوں کیلئے ایک بہترین رہنمائی کررہے ہیں۔

Byte Modi

اس موقع پر وزیراعظم نریندرمودی نے کہا کہ سری ستیہ سائی ٹرسٹ کی جانب سے صحت کی حفاظت، تعلیم، دیہی ترقی اور پینے کے پانی کی سربراہی، مکانات کی تعمیر اور دیگر امور میں جو کام کئے جارہے ہیں قابل ستائش ہیں۔ وزیراعظم نے گجرات میں آئے زلزلہ کے موقع پر ٹرسٹ کی جانب سے کئے گئے فلاحی کاموں کو یاد کیا اور اس کی تعریف کی۔ اس سے قبل وزیراعظم نے پرشانتی نیلائم میں مہا سمادھی کے قریب خصوصی پوجا بھی کی اور روایت کے مطابق چار کسانوں میں گاؤدانم بھی کئے۔ وزیراعلیٰ این

چندرابابونائیڈو،  نائب وزیراعلیٰ کے پون کلیان، مرکزی وزرأ رام موہن نائیڈو، جی کشن ریڈی بھوپتی راجو، سرینواس ورما، ستیہ سائی سنٹرل ٹرسٹ کے مینجنگ ٹرسٹی آر جے رتنا کر، کرکٹر سچن تنڈولکر، ریاستی وزرأ اور عہدیداروں نے شرکت کی۔

Day Andhra Moist

آندھراپردیش کے رمپا چوڑاورم ایجنسی جنگلاتی علاقہ میں آج صبح پھر ایک بار سیکورٹی فورسس اور ماؤنوازوں کے درمیان فائرنگ ہوئی۔ وجئے واڑہ میں اے پی انٹلیجنس کے ایڈیشنل ڈائرکٹر جنرل مہیش چندرالڈا نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ جنگلاتی علاقہ میں سیکورٹی فورسس اور ماؤنوازوں کے درمیان ہوئے اس انکاؤنٹر میں 6 تا7 ماؤسٹ ہلاک ہوئے ہیں۔ انہوں نے دیگر ماؤسٹوں کو خودسپردگی اختیار کرلینے کا مشورہ دیا۔ ہلاک ہونے والے ماؤسٹوں میں بعض سینئر ماؤسٹ بھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں مزید تفصیلات آنا باقی ہے۔ چھتیس گڑھ، تلنگانہ سے ماؤسٹوں کا گروپ آندھراپردیش داخل ہونے کی کوشش کررہا ہے۔ سیکورٹی فورسس نے اپنی نگرانی میں اضافہ کیا ہے۔ ان کی نقل وحرکت پر خصوصی نگرانی کی جارہی ہے۔ گزشتہ کل صبح الوری سیتارامار اجو ضلع میں ہوئے انکاؤنٹر میں ماؤسٹ کے سنٹرل کمیٹی ممبر مدیوا ہیڈما اور مزید پانچ ماؤسٹ ہلاک ہوئے ہیں۔ حالیہ کومنگ کے دوران این ٹی آر، کرشنا، ایلور، کا کیناڈا، کونا سیما اضلاع میں 50 ماؤسٹوں کو گرفتار کرلیا گیا۔

PM Tribute

آج سابق وزیراعظم اندرا گاندھی کی یوم پیدائش منائی گئی۔ اس موقع پر وزیراعظم نریندر مودی نے سابق وزیراعظم اندرا گاندھی کو خراجِ عقیدت  پیش کیا اور اس کے علاوہ رانی لکشمی بائی جینتی کے موقع پر وزیراعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیرداخلہ امیت شاہ نے ان کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ وزیراعظم نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں کہا کہ پہلی آزادی کی جنگ میں لکشمی بائی کی ہمت آج بھی ملک کے عوام کے دلوں میں ہے۔

Indira Gandhi

ملک کی سابق وزیراعظم و بھارت رتن اندرا گاندھی کی یوم پیدائش آج ریاست بھرمیں منائی گئی۔ اِس موقع پرحیدرآباد کے نکلس روڈ کے قریب واقع اندرا گاندھی کے مجسمہ پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے پھول پیش کرتے ہوئے خراجِ عقیدت پیش کیااوراس کے علاوہ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ اورریاستی وزرا، ارکانِ اسمبلی، حکومت کے مشیران، کارپوریشنوں کے چیرمین اورعہدیداروں نے اندرا گاندھی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

Bandi Sanjay Kumar

مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے نے دلت، گریجن، آدی واسی طبقہ کے معصوم عوام کواکسا کرنکسلائٹ میں تبدیل کرنے کا اربن نکسلائٹ پرالزام لگایا اورانہوں نے اربن نکسلائٹ ہی اِس موت کی ذمہ داری قبول کرنے پرزوردیا۔کریم نگرضلع کے حضورآباد میں پارٹی کی جانب سے منعقد کئے گئے ایک اجلاس میں انہوں نے شرکت کی اوراس موقع پرمیڈیا سے بات کی۔

Sound Byte

Jupally

ریاستی وزیرجوپلی کرشنا راؤ نے کہا کہ ریاست میں اناج کی خریداری تیزی کے ساتھ اورآسانی سے جاری ہے۔کولاپوراسمبلی حلقہ کے مختلف دیہاتوں میں قائم کئے گئے اناج کی خریداری کے مراکز کا انہوں نے افتتاح کیا۔ اِس موقع پرانہوں نے کہا کہ اسمبلی حلقہ میں مہیلا سمکھیا سنگھموں کی قیادت میں دھان کی خریداری کیلئے اقدامات کئے گئے ہیں۔

EVE PM - PM Kisan

وزیراعظم نریندر مودی نے ٹاملناڈو کے کوئمبتور میں آج پی ایم کسان اسکیم کی 21 ویں قسط کو جاری کیا۔ ملک بھر میں 9 کروڑ کسانوں کی امداد کیلئے 18 ہزار کروڑ روپے جاری کئے گئے۔ کوئمبتور میں منعقد کئے گئے دکشن بھارت زرعی کانفرنس میں بھی وزیراعظم نریندر مودی نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیراعظم نے بات کرتے ہوئے کہا کہ کسان کریڈٹ کارڈ کے ذریعہ کسان 10 لاکھ کروڑ روپیوں کا فائدہ حاصل کر چکے ہیں۔

Health Camp

ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے سکریٹریٹ کی تیسری منزل پر سکریٹریٹ کے ملازمین کیلئے صحت کی حفاظت کیلئے اے وین بیسڈ میگھا کارڈیک ہیلتھ کیمپ کا افتتاح کیا۔ سکریٹریٹ کے ملازمین سنگم کی قیادت منعقد کئے جانے والے اس ہیلتھ کیمپ میں جدید آلات کے ذریعہ وی وی معائنہ کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر ریاستی وزیر بدلنے والی زندگی میں صحت کی حفاظت کرنے ملازمین پر زور دیا۔

Amazon

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ ریاست میں خواتین سنگھموں کی جانب سے پیداوار کی جانے والی مختلف اشیاء کو آن لائن مارکیٹنگ کے ذریعہ بین الاقوامی مارکٹ تک لے جانے کے لئے امیزان سے بات چیت جاری ہے۔ انہوں نے آج اندرا مہیلا شکتی ساڑیوں کی تقسیم کا آغاز کیا اور سکریٹریٹ کے ذریعہ مہیلا سنگھموں کے قائدین سے ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ بات بھی کی۔

Weather

محکمہ موسمیات نے کہا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران میدک ضلع میں شدید سرد ہوائیں چلی ہیں جبکہ ریاست کے دیگر علاقوں میں بھی سرد ہوائیں چلی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آنے والے دو دنوں کے دوران ریاست کے مختلف مقامات میں کم سے کم درجہ حرارت معمول سے تین تا چار ڈگری کم ہونے کا امکان ہے۔

Kala maha utsav

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اس مہینہ کی 21 تاریخ کو بولارم میں واقع راشٹر پتی نیلائم میں دوسرے قومی کلا مہا اتسو کا آغاز کریں گی۔ راشٹر پتی بھون کے ڈائرکٹر سواتی شاہی، پی آر کمار سمریش نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے یہ بات بتائی۔ اس بار ہندوستان کے مغربی ریاستیں گجرات، راجستھان، مہاراشٹرا، گوا کے علاوہ دامن دیو، دادرا نگر حویلی کی تہذیبی و ثقافتی سیاحت کو اس مہا اتسو میں پیش کیا جائے گا۔ اس میں عوام کو مفت میں داخلہ کی اجازت رہے گی۔ انہوں نے اس کے لئے پہلے سے ہی اپنے ناموں کا اندراج کرنے پر زور دیا۔

Byte PRO

اس مہا اتسو میں 250 فنکار اور 140 تک دستکار اور باقندیں شرکت کریں گے۔

Buses

اندرا مہیلا شکتی اسکیم کے تحت خواتین گروپ تنظیموں کو معاشی طور پر با اختیار بنانے کے لئے مزید 449 بسوں کو خریدنے کا ریاستی حکومت نے فیصلہ کیا ہے۔ دیہی غربت کے تدارک کے ادارے کی قیادت میں 600 بسوں کو خریدتے ہوئے منڈلا مہیلا سمکھیا کو کرایہ پر دینے کا حکومت نے اس سال کے جنوری میں فیصلہ لیا ہے۔ پہلے مرحلہ میں 17 اضلاع میں 151 مہیلا سمکھیا کیلئے 151 بسوں کو خریدا گیا ہے۔

❍❍